خصوصیات

(۱) اس جزء میں مونث فعل اور ثلاثی مجرد کے مثال اور اجوف افعال (بجز تثنیہ) کے استعمال کئے گئے ہیں.

(۲) افعال پر غیر ضروری اعراب قصداً نہیں لگایا گیا تاکہ طلبہ کو عربی عبارت بغیر اعراب کے پڑھنے کی عادت ہو۔

(۳) تقریباً ۷۰ فی صد قرآن مجید کے الفاظ یا ان کے مادّے استعمال کئے گئے ہیں عربی متن اور اردو تمرینوں میں مختلف قرآنی آیتوں کو استعمال کیا گیا ہے جو تقریباً ربع جزء ہیں.

(۴) سابقہ اجزاء کی طرح جدید الفاظ کے تناسب کا لحاظ رکھا گیا ہے کسی درس میں ۱۲ سے زیادہ نئے الفاظ استعمال نہیں کئے گئے۔

(۵) جمع مذکر و مونث سالم کو استعمال کیا گیا ہے لیکن ایک نئے آسان طریقہ پر۔

(۶) نئے الفاظ کی فرہنگ اردو معنوں کے ساتھ دی گئی ہے، اسماء میں جو نیا لفظ جمع ہے اس کا واحد بھی بتایا گیا ہے، اسی طرح واحد کی جمع بھی اکثر بتائی گئی ہے اور افعال میں ماضی (واحد مذکر غائب) دی گئی ہے۔

(۷) اردو تمرینوں میں جہاں جہاں طلبہ کے لئے ترجمہ کی دشواری

محسوس کی گئی، وہاں سہولت کے لئے قوسین میں مناسب کلمہ یا صلہ لکھ دیا گیا ہے۔
(۸) ماضی اور مضارع کے صیغوں کے باہمی تبادلہ کی تمرینیں بھی دی گئی ہیں۔

ہدایات برائے اساتذہ

(۱) اس جز میں خاص اسماء کو عارضی طور پر ساکن کرنے کی بجائے حرکت دے دی گئی ہے۔ لیکن طلبہ کو ایسے اسموں کے اعراب کی طرف سردست متوجہ کیا جائے۔
(۲) جمع مذکر سالم، بعض عربی اسماء کی ایک خاص شکل اور اصلی حالت ہوتی ہے، اور وہ ایسی شکل اور حالت پر اس وقت تک رہتے ہیں جب تک کہ کوئی بدلنے والا کلمہ نہ آئے۔ اُن میں سے ایک حقیقی مذکر کی جمع ہے (اسم صفت کی نہ کہ جاندار کی) مثلاً کاتِبٌ کی جمع کاتبون، مطلوبٌ کی جمع مَطْلُوْبُوْنَ اس جمع کے آخر ، ہوگا اور یہی شکل کسی موثر (عامل) کے آنے تک رہے گی۔ تبدیلی کی صورت میں خواہ وہ کسی موثر سے ہو (زیر دینے والا ہو یا زبر) یا ایسے

رز بر دینے والا ہو یا زبر دینے والا) یا ایسے موقف میں ہو جہاں تبدیلی ضروری ہے جیسے حال، مفعول، تمیز وغیرہ وَن بدل کریں، ہو جائے گا، جیسے کاتبوں سے کاتبین مطلوبوں سے مطلوبین۔ اس امر کا خیال رکھا جائے کہ لڑکے کہیں رحل کی جمع رحلوں نہ بنالیں۔ حالت رفعی، نصبی یا جری کے بیان کرنے کی یہاں ضرورت نہیں۔

(۳) **جمع مکسر:** جمع مکسر کے بنانے کا کوئی کلیہ قاعدہ عربی میں نہیں ہے جماعت پنجم کے طالب علم کو اس کے پورے اوزان رٹانا مناسب نہیں، اس لئے سر دست بہتر ہو گا کہ اساتذہ چند کثیر الاستعمال اوزان ذہن نشین کرائیں اور وقتاً فوقتاً طلبہ سے الفاظ کی جمع اور واحد پوچھتے رہیں۔ آیندہ اجزاء میں جب طلبہ میں ثلاثی اور رباعی پہچاننے کی کافی صلاحیت پیدا ہو جائے گی تو جمع مکسر کے اوزان کو مناسب کلیوں کے تحت بیان کیا جائے گا۔

(۴) **جمع مؤنث سالم:** کتاب میں کاتب کی جمع کاتبوں اور کاتبۃ کی جمع کاتبات بیان کی گئی ہے اور اس کی مشق بھی کافی کرائی گئی ہے اور اس کی مشق بھی کافی کرائی گئی ہے۔ ایسی جمع کو طلبہ دیگر اسموں کی طرح حرکات حسب موقع خود دے لیں گے۔ لیکن جب وہ زبر دینے لگیں تو اس وقت صرف اس قدر کہا جائے

کہ ایسی جمع مونث کو جس کے آخر 'ات' ہو جب کبھی زیر دینے کی صورت آئے تو زیر ہی دیا جائے۔

(۵) مونث سماعی کو واضح کیا جائے اور ایسے مونث اسماء کو زیادہ استعمال کرایا جائے تاکہ کافی مشق ہو۔

(۶) مثال واوی میں سردست یہ بتایا جائے کہ جس فعل کے شروع میں واؤ ہو وہ مضارع معروف میں اکثر گر جاتا ہے جیسے وَجَدَ سے یَجِدُ وغیرہ

(۷) اسی طرح اجوف کے متعلق بھی یہ بتایا جائے کہ جب تین حرفی فعل کے بیچ میں وَ، یا یَ ہو اُن کے صیغے اصلی شکل میں نہیں رہتے بلکہ ان میں تھوڑی سی تبدیلی ہو جاتی ہے اور ان کی ماضی اور مضارع کے صیغے بصورت و. قالَ یَقُولُ اور بصورت ی باعَ یَبِیعُ کے وزن پر آتے ہیں، گویا یہ درمیان میں و اور ی رکھنے والے افعال کے سانچے ہیں ان میں اسی قسم کے افعال ڈھالے جائیں۔

(۸) اجوف افعال کے امر و نہی میں یہ بتایا جائے کہ مضارع کے صیغوں مثلاً تَقُولُ اور تَبِیعُ سے علامت مضارع کے صیغوں مثلاً تقُولُ اور تَبِیعُ سے علامت مضارع نکالنے ہی امر قُولْ اور بِیعُ ہو جائے گا۔ چونکہ لفظ پڑھا جا سکتا ہے

اس لئے ہمزہ کی ضرورت نہیں۔ اب چونکہ عربی زبان میں دو ساکن
نہیں مل سکتے اس لئے ایک گر جائے گا چاہے وہ مدہ یا ی جو کمزور
ہیں یا دوسرے لفظوں میں حروفِ علت ہیں۔ اس طرح قُلْ اور بِعْ امر
میں اور لاتقتل اور لاتَبِعْ نہی میں کہیں گے حکم دینے میں چونکہ
آواز کا دباؤ آخری حرف پر ہی رہتا ہے اس لئے وہ فطرۃً ساکن ہی
ہوگا اس طرف توجہ دلانے کی چنداں ضرورت نہیں۔

(۹) مناسب ہوگا ابھی سے طلبہ کو پیش اور واؤ زبر اور الف
زیر اور یای کی باہمی مناسبتوں سے مانوس کرایا جائے۔ یعنی
یہ بتایا جائے کہ پیش، زبر اور زیر کو کھینچ کر پڑھنے سے واؤ
الف اور یاء علی الترتیب پیدا ہو جاتے ہیں۔

(۱۰) آخر کے ساکن حرفوں کو دوسرے کلمہ سے ملانے کے لئے زیر
لگانے کے اصول کو ہمیشہ پیش نظر رکھا جائے اور ایسے عارضی
زیر والے حرفوں کی حرکت کے متعلق اساتذہ طلبہ سے
پوچھتے رہیں۔

(۱۱) اُس **منادی معرفہ** کے متعلق جس پر ال نہ ہو، کہا جائے کہ اس
پر ایک ہی پیش آتا ہے تنوین نہیں آتی،

(۱۲) کَوْنٌ :- اس فعل کو بلا اظہار جز استعمال کیا گیا ہے، اور وہ
بھی کتاب کے آخری درسوں میں، مقصد یہ ہے کہ پہلے
اس فعل صیغے ذہن نشین ہو جائیں اور پھر اس

کا اثر (عمل) بتایا جائے۔ دونوں کو ساتھ بتانا
مناسب نہیں۔
(۱۳) تمرینوں میں لفظ 'بعض' کے لئے اگر طلبہ اردو اور انگریزی
کی طرح فعل جمع لکھیں تو اساتذہ اس کی تقلید نہ کریں۔
بعض کا مفہوم جمع کا ہے، اگرچہ عربی میں اس کے لئے اکثر
فعل واحد استعمال ہوتا ہے۔
(۱۴) بعض کثیر الاستعمال فعل ایسے ہیں جو صلات کے لحاظ سے مبتدیوں
کے لئے مشکل ہیں مثلاً 'ظلمَ' رحِمَ' صحِبَ' شھِد
حسد وغیرہ جو عموماً بغیر صلات کے آتے ہیں۔ فعل
حذِر کا صلہ فطرۃً طلبہ مِن استعمال کریں گے تو اس کی
تغلیط نہ کی جائے وہ غلط نہیں ہے۔ بلکہ اسی میں ان کی
سہولت ہے۔ اور قال' شغل' رغب وغیرہ کے
مخصوص صلات ل' ب' عن یا فی ہیں۔ ان کے متعلق طلبہ
سے بار بار پوچھتے اور استعمال کراتے رہیں' خصوصاً فعل
قول' کے متعلق جو زیادہ استعمال میں آتا ہے۔
(۱۵) اساتذہ حسب دستور (سردست) اصطلاحوں سے گریز کریں
طلبہ کا معیار بلند ہونے کے بعد بہت جلد تمام اصطلاحات لغوی
تحلیل کے ذریعہ بآسانی سمجھائی جا سکتی ہیں۔
(۱۶) اساتذہ کو چاہیئے کہ وہ اس جزو کے معینہ و مستعملہ قواعد کی

حد تک ہی تعلیم دیں، مزید قواعد بتانے کی تکلیف گوارا نہ کریں، وہ تمام قواعد جو پڑھنے اور لکھنے کے لئے ضروری ہیں بتاریخ مناسب وقت پر سکھائے جائیں گے عجلت مناسب نہیں

(۱۷) کتاب کے آخر میں سوالات کی عام تمرین دی گئی ہے جو ان ہی قواعد پر مشتمل ہے جو اس کتاب میں استعمال کئے گئے ہیں۔ تاکہ عربی میں سوچنا اور جواب دینا آئے اور اس طرح قواعد اچھی طرح طلبہ کے ذہن نشین ہو جائیں، تمرین میں روزمرہ بول چال کے ساتھ ساتھ اخلاق و آداب کا بھی کافی لحاظ رکھا گیا ہے۔

(۱۸) امثال (خصوصاً مختصر) اور منتخب اخلاقی و قومی اشعار یاد دلائے جائیں۔

(۱۹) یہ بتایا جائے کہ وقت یا جگہ کے معنی والے کلموں کو اگر وہ فعل (ظاہر یا پوشیدہ) کے ساتھ ہوں اور ان سے پہلے کوئی زیر دینے والا کلمہ نہ ہو، تو زبر لگایا جائے گا مثلاً ذھبَ الآنَ، قرأتُ صباحاً امتحانی یومَ السبتِ سفرہ غداً وغیرہ

درس ۳

هذه حجرة الدرس

الأستاذُ جَلس فيها على الكرسيّ، والتّلاميذُ جَلسوا على المقاعد، فيها سَبُّورَةٌ يكتب عليها الأستاذُ بالطّباشِير عندَ الضّرورةِ والتلاميذُ ينظرُون إليها الأستاذ أمر العريف بِقراءةِ الدّرسِ فنهض العريف وقرأ الدرسَ الجديد وَهو واقفٌ۔

(ثمّ سأله) الأستاذ: أَفهمت الدرسَ؟

العريف: نعم، فهمتُ يا سيّدي!

(سأل التلاميذَ) الأستاذ: أفهمتمُ الدّرسَ أيضاً؟

التلاميذ: نعم، فَهِمنا جيّداً

الأستاذ: هل تحفظونه؟
التلاميذ: نعم، نحفظه، وفي أثناء الدرس ضحك تلميذ
فغضب الأستاذ عليه وسأله لماذا ضحكت؟ ألا تعلم
ان هذه حجرة الدرس؟ فاخرج منها الآن ثمّ نصح
جميعَ التلاميذ أيّها التلاميذ! هذه حجرةُ الدّرسِ
فاجلسوا فيها بالأدبِ واسكتوا ولا تضحكوا واحذروا
المحادثةَ وإلّا فاعلموا أنّي أغضب عليكم، ألا تعلمون
أنّ الأدبَ زينةُ المرءِ

أسئلة:- أين السبّورة؟ ما لونها؟ من يكتب عليها؟ أين جلس
الأستاذ والتلاميذ؟ من قرأ الدرس؟ أفهم التلاميذُ الدرسَ؟
لماذا غضِب الأستاذ؟ بماذا نصح؟ أيضحك التلميذ في الصفّ؟
ماهي زينة المرء؟ أضحكت في أثناء الدرس؟ أتسكت عند الدرس؟
أتضحك في الصلوة؟

ترجمہ کرو۔ بورڈ کا رنگ کالا ہے، استاد اس پر چاک سے لکھتے ہیں
لڑکے بھی کبھی وقفہ (انٹرول) میں اس پر لکھتے ہیں، وہ بنچوں

پر بیٹھتے ہیں۔ بورڈ استاذ کے پیچھے ہے، جماعت میں نظام الاوقات لٹکا ہوا ہے، لڑکو! سبق کے وقت خاموش رہو ورنہ جان لو کہ استاد تم پر غصہ ہوں گے۔ استاد تم کو نصیحت کرتے ہیں، نصیحت سنو اور اس پر عمل کرو، اس میں تمہارے لئے بھلائی ہے۔ مدام ورک ہر روز کرو (کتب)، (مؤدب) لڑکا سبق کے وقت گفتگو سے بچتا (حذر) ہے۔ نماز میں مت ہنسو۔ نماز مسلم کی علامت ہے اس کے بغیر اسلام کا تصور محال ہے، ہم نے دین کا مغز چھوڑ دیا اور اس کا پوست لے لیا، ہم میں دینداری (دیانۃ) نہیں ہے

تمرین ۱

اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ، أُذْكُرْ رَبَّكَ فِي نفسك، كُلٌّ مِن عندِ رِبِّنا، له كلّ شيءٍ، إنّ الله ربّي وربُّكم فاعْبُدُوه، ليس كمثله شيءٌ وهو السميع البصير، الحقّ من ربّك، إنّ وعد اللهِ حقّ، لي عملي ولكم عملكم، والله أعلمُ، إنّ الله عنده أجرٌ عظيم، فعند الله ثواب الدنيا والآخرة، لِمَنِ الملك اليوم لِلّٰه الواحد القهار؟ لله ملك السموت والأرض - ءَإله مع الله؟ يغفر الله لكم، أليس هذا بالحقّ؟

تمرین ۳

الحمد لله انّه خلقنا فی بیتٍ مسلم، دِیننا اسلام وهو خیر دین عندنا فی العالم ولکن لایثبُت هذا من احوالنا لاننا ترکنا لبّه و اُخذنا قشوه - اکثرنا لا یعلمون احکامه وما فی اعمالهم خلوص، ینصحون الناس ولکن لایعملون بانفسهم. فلهذا اما فی قولهم من اثر، یطلبون الشهرة والعزّة بین الناس ظاهرهم جمیل و باطنهم قبیح مافیهم حبّ بدینهم ولابنبیّهم جدّهم و حبّهم للمال. مقصدهم طعام لذیذ ولباس جمیل، یعلمون انّ الموت حقّ ولکن لایذکرونه ولایحذرون الذنوب، وهم فی غفلة عن الآخرة - وانّ الآخرة هی دار القرار.

۲ درس
(ماضی مؤنث غائب)

نَهَضَتْ، ذَهَبَتْ، نَصَحَتْ، كَتَبَتْ، عَبَدَتْ
نَهَضْنَ، ذَهَبْنَ، نَصَحْنَ، كَتَبْنَ، عَبَدْنَ.

سعيدةُ نَهَضَتْ مِنَ النَّوم صباحا وعَبَدَتِ اللهَ و ذَهَبَتْ إِلى المَطْبَخِ وطَبَخَتِ الطَّعام وبَناتُها أيضا نَهَضْنَ مَعَها وعَبَدْنَ اللهَ وقَرَأْنَ القرآنَ وحَفِظْنَ الدّروس ثُمّ عَمِلْنَ مَعَ أُمِّهِنَّ وبعدَ الفطورِ لَبِسْنَ ثيابا نظيفة لا فاخرة وذَهَبْنَ إلى المدرسة في قَرْيَتِها ودَخَلْنَ الدَّرجةَ وجَلَسْنَ فيها بأدبٍ وما نظرتْ واحدةٌ مِنهنّ حِينَ الدرس يمينا ولا شمالا ومُعَلِّمَتُهنّ مَدَحَتْهنَّ فإنّهنّ كَتَبْنَ فُروضَ المدرسة صحّةً وفَرِحَتْ بِعَمَلِهِنّ، فيهِنّ حياءٌ والحياءُ من الإيمان

وما سألن والدهن لباسا فاخرا او غذاء لذيذا وما رغبن
الى السينما وما تركن الادب فى حال من الاحوال فما غضبت
عليهن أمهن قط بل فرحت دائما، وكلّ واحد فى
البيت وفى المدرسة مسرور بخلقهن فعلى هؤلاء
البنات رحمة الله إنه جعلهن من البنات الطّيبات
أسئلة :- متى نهضت الام ؟ ماذا فعلت فى المطبخ
متى نهضت البنات ؟ هل عبدن الله ؟ كيف خلقهن
هل فيهن حياء ؟ أغضبت عليهن الام ؟ أغضبت عليهن
المعلّمة ؟ أهن طيّبات ؟ أيفرح أخوانهن بخلقهن ؟
أطبخن الطعام مع أمهن ؟ أرغبن الى السينما ؟ أرغبن
الى لباس جميل ؟

ترجمہ کرو

(۱) لکھی، پڑھی، سمجھی، یاد کی، پکائی، پی، تعریف کی، شکر کی،
عبادت کی، پہنی، اٹھی، لی، گئی، نہ غصہ ہوئی، نہ

ظلم کی، نہ ماری، نہ کھیلی، نہ ہنسی، نہ سوئی نہ غفلت کی۔

(۲) رشیدہ نیند سے اٹھی اور عبادت کی، باورچی خانہ میں کسی عورت نے کھانا پکایا؟ وہ لڑکیاں مؤدب ہیں، ان میں شرم ہے، ان پر اللہ کی رحمت ہے وہ کبھی بے اجازت گھر سے نہیں نکلیں، رشیدہ کی بہن بہت نیک ہے، برے کاموں سے ہمیشہ (حذر) بچی ہے اس میں اللہ کا ڈر ہے؟ انجیر کس لڑکی نے توڑے؟ اس کی بہنوں نے انار اور سنترے اجازت سے توڑے، چاول گوشت اور گھی سے کس لڑکی نے کھانا تیار کیا (صنع)؟ یہ بالائی بڑی مزیدار ہے؛ مسکہ سے گھی بناؤ اور کھاؤ کیونکہ یہ گھی تم کو قوی بنائے گا۔ اے لوگو (صاف ستھرے) کپڑے پہنو۔ قیمتی کپڑوں کی خواہش نہ کرو کسی حال میں ادب نہ چھوڑو، سینما سے بچو کیونکہ اس کا نفع اس کے ضرر سے زیادہ کم ہے۔

(۳) جو ماضی ہو اس کا مضارع لکھو اور جو مضارع ہو اس کی ماضی:۔

سالتم، طبخت، نطبخ تعبدون، حذروا، حذرت، یمدحون، سکنوا، نصرنا، زرعتم، نصنع حصدتُ، تحلبون شهدنا، جعلت، نلبس، یمزحون، قطفوا، تأذنون، غسلتُ۔

درس ۳

(ماضی مؤنث حاضر)

قَرَأْتِ قَرَأْتُنَّ ، صَنَعْتِ صَنَعْتُنَّ ، حَذَرْتِ حَذَرْتُنَّ عَرَفْتِ عَرَفْتُنَّ طَبَخْتِ طَبَخْتُنَّ مَدَحْتِ مَدَحْتُنَّ ،

جميلةُ بنت مُجْتَهِدةٌ ، هى عرفت صُنْعَ إِدامٍ من الآدام فى مدرستها ثمّ صَنَعَتْه يوما بِنَفْسِها فى البيت فسألَتْها عَمَّتُها - ماذا صنعْتِ يا جميلةُ ؟

جميلة : صنعتُ يا عمّتى إِداما جديدا

العمّة : مِمَّنْ عَرَفْتِ ذلك الادام ؟ ج : عرفْتُ مِن معلّمتى - العمة مع مَن صَنَعْتِهِ الآنَ ؟ ج : صنعتُه انا بِنفسى - العمّة : مِن اَىِّ الاشياء صنعتِ ؟

ج : صنعتُه مِن اللَحمِ والبَيض والْخَضْراوات والسمن.

العمةَ : مِمّن أخذتِ جميعَ الخضراوات ؟

ج : أخذتُها مِن خَضّارٍ

العمة : أين أخَواتُك ؟ ج : هنّ فى تلك الحجرة

العمّة: أماعَرَفْتُنّ عنيًا فى التّربيَةِ المَنزِليّةِ:
أيّتُهاالبناتُ !

البنات : عرفنا يا عمّة ولكن ما صنعنا ذلك الادامَ
إلى لآن -

العمة: أفى اعمال البيت نقيحةٌ ؟

البنات: لا: ما فيها نقيصة بل عزّةٌ ومَدْح

العمة: أقرأتنّ كتابا فى السان العربى ؟

البنات: نعمَ قرأنا كتابا اسمه منهاج العربيّة،

العمة : أنا مسرورةٌ بكُنّ، إبكنّ، رغبتنّ فى لسان
القرآن، والقرآن كلام الله ممّن مِنْ مَنْ.

اسئلة

مَاذا فعلت جميلةُ فی البیت؟ من سالها عن الادام؟ مِن ایّ شیئ صنعت الادام؟ ھل ھی جیدة التربیة المنزلیة؟ این اُخواتھا؟ ھل عملن معھا؟ اَقرأن کتابا فی العربی؟ ھل رغبن فی لسان القرآن؟ ھل القرآن کلام اللہ؟ ممن اخذت جمیلة جمیع الخضراوات

ترجمہ کرو

(۱) تو کس کے ساتھ گئی؟ کس کے پاس بیٹھی؟ تم کس کے پیچھے گئیں؟ وہ کس کے آگے گئیں؟ تم نے کس بعد پڑھا؟ تم نے کس سے لیا؟ وہ کس پہ ہنیں؟ کس کی کتاب پہ تم نے لکھا؟ کس کی کاپی تم نے لی

(۲) کونسی لڑکیاں اچھی ہیں؟ کون سے لڑکے چھوٹے ہیں؟ کون سے مدرسے بڑے ہیں؟ کونسی کتابیں مفید ہیں؟ کونسے گھر خوبصورت ہیں؟ کونسے باغوں میں پھل اور پھول ہیں۔

(۳) ماں اپنی لڑکی پہ غصہ ہوئی تو وہ خاموش ہوگئی۔ چچی نے جمیلہ سے پوچھا تو نے کونسا سالن پکایا؟ انڈوں کا سالن کونسی لڑکیوں نے پکایا؟ امور خانہ داری میں میری بہنیں بہت

اچھی ہیں، تم، اے لڑکیو! کیا کبھی بے اجازت کسی باغ کو گئیں؛
تم کس کے ساتھ مدرسہ گئیں ؛ میں نے خود یہ کام کیا ہے۔
ترکاریوں کا سالن اس لڑکی نے خود کبھی نہیں پکایا، یہ
کھانے کا کمرہ ہے اور وہ سونے کے کمرہ سے چھوٹا ہے۔
کیا اس زمانہ کی لڑکیوں میں دینداری ہے ؛ کیا ان کے نزدیک
دین کی (دین کیلئے) اہمیت ہے ؛ کیا انھوں نے دین کا مقصد سمجھا ؛
کیا انھوں نے صحابیات کی سیرت پڑھی ہے ؛ ان کی سیرت کامیابی
کیلئے ضامن ہے۔

مدرسة البنات

(ماضی مؤنث غائب وحاضر مخلوط)

البنات لَبِسن ثیاباً نظیفة بعد الفَطور، و مشّطن شَعرَهنّ ولبِسن الأحذِيَةَ وذهبن إلى المدرسة فی عربتها وجلسن فی الصفّ بادب' وبعدِ قليلٍ دخلتِ المعلِّمةُ حجرةَ الدّرسِ فنهضتِ البنات لها، ثمّ كتبتِ المعلّمةُ حُضورَهنّ فی السِجلّ

وأمرتِ العريقةَ بقراءة الدّرسِ فقدحتِ العريفةُ الكتابَ

وقرأتِ الدرسَ بِصَوتٍ جَهيرٍ، وجميعُ التلميذاتِ

سمِعنَ بِعِنايةٍ وما نظرون يمينا ولا شمالا۔

المعلّمة (سألت بنتا صغيرة): أفهمتِ الدّرسَ يا عابدةُ؟

عابدةُ:۔ فهمتُ يا سيّدتى جيّدا۔

المعلّمة (سألت جميعَ البنات): أسمعتّن الدرسَ وفهِمتنَّ

التلميذات: نعم: سِمعنا وفهمنا جيّدا جدّا۔

المعلّمة: أنا مسرورةٌ بِعَملِكُنّ، أنكنّ كتبتنّ فروضَ

المدرسة بصحّةٍ و فهمتنّ الدّرسَ الجديد جيّدا

أسئلة

كيف ثياب البنات؟ هل عند المعلمة سِجل الحضور؟ كيف

قرأت العريقة الدّرس؟ من سأل عابدةَ؟ هل لك اخوات؟ هل

قرأن كتابا فى العربي؟ هل فيهن حياءٌ؟ أيتها البنات! هل علمتن أنَّ

الهيبة خيبة؟

أطبختنّ الطعام مع أمكنّ؟ هل عندكنّ بقرةٌ؟ أحلبتنّ اللبن تارةً؟ هل صنعتنّ الزبدة من اللبن تارة؟ هل الحياء خيرُ خصلةٍ؟

ضمیروں کے لحاظ سے فعل لکھو۔

أنتِ (طبخ)، أنتنّ (سأل)، هُنّ (زرع)، أنتنّ (حصل) هي (نصر) أنتِ (فتح)، أنتم (قطف)، هي (مشط) هُنّ (لبس)، أنتِ (اذن)، إنتِ (عرف)، أنتنّ (صنع)، هنّ (جعل)، هي (حفظ)، هو (ترك) هم (ترك)، انا (فتح)، نحن (ضرب)

ترجمہ کرو

۱۔ تو پوچھی، تم پوچھیں، تو کنگھی کی، تم، کنگھی کیں، تو پہچانی تم پہچانیں، تم خاموش رہیں، تو خاموش رہی، تم مدد کیں تو مدد کی، تم پکائیں، کھولی، تو کھولی، دیکھیں، تو دیکھی، ماری، تو ماری، لی، تو لی، بیٹھیں، تم بیٹھیں، پکائیں تم پکائیں، سنیں، تم سنیں، تم خدمت کیں۔ خدمت کی، عبادت کیں تم عبادت کیں، تو پکائی۔

(۲) گرما کی تعطیل میں میری والدہ اور بہنیں منگلور گئیں، معلمہ نے رجسٹر میں تمہارا نام کس کے پہلے لکھا؟ تم کس کے ساتھ

مدرسے میں داخل ہوئیں؟ امور خانہ داری لڑکیوں کے لئے ضروری ہے؟ میرے جوتے کہاں ہیں؟ اور کس لڑکی نے پہن لئے؟ رشیدہ نے (صاف ستھرے) کپڑے پہنے، بالوں میں کنگھی کی اور مدرسہ گئی۔ کیا لڑکے بھی اپنے بالوں میں کنگھی کرتے ہیں؟ (دھوپ دُھُس) میں بغیر جوتے کے نہ نکلو۔ سردی کے موسم میں (پتلے) کپڑے نہ پہنو اے لڑکیو! کیا تم پر وطن کی خدمت واجب نہیں؟ کیا تم نے وطن کا ترانہ (بڑی) آواز سے پڑھا؟

عابدہ (مؤدب) لڑکی ہے، اس نے درس کے وقت کبھی ادھر اُدھر نہیں دیکھا۔ کیا ان لڑکیوں نے نماز کی اہمیت کو جان لیا؟ نماز کے لئے بڑی اہمیت ہے

———— (۲) ————

درس ۵

(اسم جمع مذکر جس کے آخر "ون" ہے)

صَدَقَ: صادقٌ، صادِقُونَ، اَمَرَ:- اٰمِرٌ، اٰمِرُونَ

نَجَحَ:- ناجِحٌ، ناجِحُونَ، خَدَمَ، خادِمٌ، خادِمُونَ، عابِدُون

راکعون، ساجدون، ذاکرون، صالحون، مجتہدون

مودّبون، محبوبون، مسرورون، مذھومون۔

الظّالِمون الذاکِرون الکاذِبون

مِنَ الظّالِمِينَ لِلذاکِرِينَ علی الکاذِبِين

الصّادقون الغافرونَ العاملونَ

مَعَ الصّادِقِينَ خيرُ الغافِرِينَ اجْرُ العامِلِين

المُجْتَهِدونَ ناجحون، والناجحون محبوبونَ فهم

يخدمون أمّهم ووالدهم وينهضون من النوم صباحا الصلوة، فانهم يعلمون أنّ الصلوة خيرٌ من النّوم فلا يكسلون عنها أبدا، فهُمُ الرّاكعون الساجدون الآ مرون بالمعروف، لاتخرج من لسانهم كلمةٌ فاحشة اعمامُهم و أخوالهم بهم مسرورون، فلهم منهم دعاءٌ ولهم في الدنيا حَسَنَةٌ وفي الآخرة حسنةٌ وهم صالحون يصحبون الصالحين ويحذرون المفسدين فانّ المفسدين مذمومون واولئك هُمُ الخاسرون ولهم في الدنيا خِزيٌ، إعلموا أيّها الاولاد! أنّ الانسان يحصُدُ كما يزرع.

قوسین کے الفاظ ملا کر پڑھو اور لکھو:

مِن (الشاكرون)، في (السلجدون)، بِ (غائبون)

مع (الصابرون)، اوّل (العابدون)، انّ (الظّالمون)

اُنصُرُوا (المظلومون)، اِنّ (الكافرون)، ب (المومنون)

خیر (الحاکمون)، اَرْحَمْ (الراحمون)، لِ (المؤمنون)
عمَلُ (المفسدون)، ربّ (العالمون) فی (العابدون)
اتّحاد (المسلون)، مع (الصادقون)، من (الخاسرون)
مدحتُ (المَجتہدون)، لاترحموا (الظالمون)، نَنصر
(المسلمون)

ترجمہ کرو

اللہ کی لعنت جھوٹوں پر ہے، ظالموں کے لئے (بڑا) عذاب ہے. اور وہ آخرت سے غافل ہیں، سب ہماری طرف رجوع ہونے والے ہیں، رکوع کرو رکوع کرنے والوں کے ساتھ. صبر کرو کیونکہ اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے. پس کیا تم شکر کرنے والے ہو؟ اور مجھ کو (ظالم) لوگوں کے ساتھ مت کر دے. کامیابی محنتوں کے لئے ہے، وہ (نیک) لڑکے ہیں؛ نیکوں کے ساتھ رہتے ہیں، ہر چیز خلوص سے کرو کیونکہ مخلص محبوب ہیں، سستی کرنے والوں کے لئے ناکامی اور دنیا میں رسوائی ہے، وہ ہر وقت نقصان اٹھانے والوں میں ہیں. قومیت کو نہ پوجو جیسا کہ آج ہم دیکھ رہے ہیں. تم اللہ کے بندے ہو نہ کہ قومیت کے بندے اسلام میں وطنیت یا قومیت نہیں ہے، تمام مسلمان بھائی بھائی ہیں.

درس ٦

مضارع مؤنث غائب

تَنهَضُ، يَنهَضنَ، تَلبَسُ، يَلبَسنَ، تَخرُجُ، يَخرُجنَ

تَسهَرُ، يَسهَرنَ، تَشهَدُ، يَشهَدنَ، تَستُرُ، يَستُرنَ

رشيدةُ تنهض من النّوم صباحا وتعبد الله ثمّ تقرأ القرآن

فانّ قراءة القرآن كلّ صباح بركة وبعد الفطور تلبس لباسا نظيفا

ساذجا يَستُرُ جسمها وتذهب إلى المدرسة فى العربية

وتقرأ هناك كتبا فى العربيّ والانكليزيّ وتلعب العابا

رياضيّة ولا تَشهَد السينما فانّ السينما ظاهره جميل

وباطنه قبيح، نفعه اقلّ من ضرّه وتَخدِم امّها و

والدها فكلّ واحد يمدحها

ومن صاحباتها بنات يرقدن إلى طلوع الشمس لأنّهنّ

يشهدن السّينما ويسهرن اللّيل ولا يرغبن الى الصلوة ولا

الى أعمال البيت ويلبس ثيابا لا تستر أجسامهنّ بل يقرأن

الكتب الانكليزيّة كثيرا ولا يقرأن القرآن ولا يذكرن الله و

درس ٦

رسوله، فهن جيدات في اللسان الانكليزي وما قرآن كتابا في اللّسان العربيّ وهن يعلمن أنّ لسان القرآنِ والقرآنُ هدايةٌ للمسلمينَ

أسئلة

متى تنهض رشيدة؟ أترقد الى طلوع الشمس؟ اتقرأ كتابا في العربي؟ أتطبخ مع أمّها؟ اتشهد السينما؟ أتستر ثيابها جسمها؟ أيّ لباس رشيدة؟ أتمدحها المعلمات؟ أتقرأ أختك كتب العربي؟ أتطبخ الطعام؟ أتقرأ المسلمات كتبا عربية؟ أيرغبن الى اللسان الانكليزي؟ أيسهرن الليل؟ أتسهر البنات للذين؟

ترجمہ کرو

یہ لڑکی ذہنے طریقہ پر عربی پڑھتی ہے (نیک) لڑکی بڑوں کے سامنے ادب سے بیٹھتی ہے نماز کبھی نہیں چھوڑتی۔ کیا مسلم لڑکیاں مدرسہ کو بغیر گاڑی کے جاتی ہیں۔؟ (اچھی) لڑکیاں اپنے جسم کو چھپاتی ہیں۔ وہ (سادہ) لباس پہنتی ہیں۔ ان کی خالائیں اور چچیاں ان سے خوش ہوتی ہیں سعیدہ صبح تفریح کے لئے نکلتی ہے۔؟ اور پرندوں کی آواز سے خوش ہوتی ہے اور اللہ کی تعریف کرتی ہے۔ اللہ ہمارے عیوب کو چھپاتا ہے اے میرے گناہوں کو بخش دے تو ہی بخشنے والا اور مہربان ہے

ہر کام خلوص سے کرو اور ریا سے بچو۔

درس ۷

تَفْعَلِينَ، تَغْسِلِين، تَخْبِزِين، تَمْلَأِين، تَكْنُسِين، تَعْجِنِين، تَفْعَلْن، تَغْسِلْن، تَخْبِزْن، تَمْلَأْن، تَكْنُسْن، تَعْجِنّ.

فريدةُ تسالُ خادمَتَها عَنِ الفَطور وهي مشغولة بالطبخ:۔

فريدة:۔ ماذا تَفْعَلِين ؟ الخادمة :۔ أُعجِنُ الدقيق يا سيّدتي!

فريدة:۔ متى تَخْبِزين ؟ سيّدك يذهب اليوم صباحا الى الديوان

الخادمة :۔ أتحسبين ياسيّدتي أنّي جالسةٌ بِغيرِشُغلٍ ؟

فريدة:۔ متى تغسِلين الاواني ؟ خ: قَدْ غسلتُها ياسيّدتي؛

فريدة:۔ متى تَمْلَئِين الجَرّةَ بالماء ؟ خ:۔ ملأتُها آنِفا؛

فريدة:۔ أكَنَسْت غُرْفَةَ الأكْلِ ؟

خ: لا: ما كنستُها ثمّ سألت فريدةُ جميعَ البنات عن أشغالِهنّ

الام:۔ ماذا تَفْعَلن الآنَ ؟

البنات :- نقرأ الدروسَ ونكتب فروضَ المدرسة ۔
الأم ۔ أتقرأن الدرس العربي كلَّ يوم ؟
البنات :- نعم : نقرأ كلَّ يوم ۔
الأمّ :- أتحسبن أن العربيّ صعبٌ ؟
البنات :- لا: إنه ليس كذلك : بلِ الناسُ جَعَلوه صعباً
أسئلة : ۔ أين تسكنين أيتها البنت ؟ أعجنتِ الدقيق تارة
أخبزتِ ؟ أملأتِ جرة الماء ؟ من سأل الخادمةَ عن الفطور ؟
من عجن الدقيق وخبز ؟ أيتها البنات ! أتخبزن ؟ أتغسلن
الاوانی ؟ أتكسن البيت ؟ أتركتنّ الصلوة تارة ؟ أيترك
المسلم صلوة ؟ أنی تركها عذاب ؟ ماذا تفعل الخادمة ؟
جو صیغہ ماضی ہو اس کا مضارع اور جو مضارع ہو اس کی
ماضی لکھو :-
سترتِ تمشُط ، يمشطن ، تخبزنَ ، تملأنَ تعجنُ ،
عجنتنّ خبزنَ ، ملأنّ كسنّ ۔

ترجمہ کرو

پڑھتی ہے - پڑھتی ہیں۔ لکھتی ہے۔ لکھتی ہیں، پکاتی ہے، پکاتی ہیں۔ کھاتی ہے، کھاتی ہیں۔ کھیلے گی، کھیلیں گی۔ دیکھے گی۔ دیکھیں گی، نکلے گی، نکلیں گی، تو عبادت کرتی ہے، تم عبادت کرتی ہیں۔ تم کنگھی کرتی ہیں، تو کنگھی کرتی ہے، تو خلعت کرتی ہے، تو خلعت کرتی ہے۔ تم خلعت کریں گی، سنتی ہے، ہنستی ہیں

اے لڑکی! کیا تو جھوٹ سے نہیں ڈرتی (حذر)، تو کس مدرسہ میں پڑھتی ہے؟ کیا تو پکانا جانتی ہے؟ کیا تو والدہ کی خدمت کرتی ہے؟ کیا وہ قرآن سمجھتی ہے؟ کیا قرآن (بڑی) آواز سے پڑھتی ہے؟ کیا تو قیمتی، کپڑے پہنتی ہے؟ تو روٹی زیادہ کھاتی ہے یا چاول؟ اے لڑکیو! کیا تم اپنی والدہ کی خدمت کرتی ہو؟ کیا تم (سادہ) لباس پہنتی ہو؟ کیا تم اپنے بالوں میں کنگھی کرتی ہو؟ کیا تم مساکین کی مدد کرتی ہو؟

اے بہنو! تم سینما کے لئے جاتی ہو، لیکن (کسی اچھے) کام کے لئے نہیں جاتیں۔ کیا تم نہیں جانتیں کہ سینما کی برائی اس کی بھلائی سے زیادہ ہے؟

درس ۸

لُعْبَةُ الْغُمَّيْضَةِ

فی لیلة مُقْمِرَةٍ بعد الفراغ من الصلوة وفروض المدرسة سَكِينَةُ جَمَعَتْ عِدَّةَ صاحباتٍ لها فَضَرَبْنَ قُرعة بينهنّ وجعلن سعيدة لصة وعَصَبْنَ عينها بِمِنْدِيل وتركْنها وهی وحيدةً وبَعُدْنَ عنها وهُنّ حَولها فی دائرةٍ يضحكن، وهی تذهب وراءهنّ بِجِدّ: تارة يمينا وتارة شمالا، وبعد قليلٍ نجحت

سعيدةُ في القبضِ على واحدةٍ منهنّ، فسألتها البناتُ.

أتعرفين يا سعيدةُ، من هذه؟ فعرفتها سعيدة وذكرت

اسمها أنّها رشيدةُ فسألتهن: ألا ترفعن عنّي المنديلَ

وتجعلن هذه البنت مقامي؟ فرفعت البنا عنها منديلها

وجعلن رشيدة لصّة مقامها وجلسن قليلا لأنهنّ

تعبن جدًّا ثم أخذن في اللّعب من جديد

أسئلة: في أيّ ليلة لعبت البنات؟ أيّ لعبة لعبن؟

ماذا فعلن أوّلا؟ من جعلنها لصّةً؟ بأيّ شيْ عصبن عينها؟

كيف ذهبت وراءهنّ؟ على من قبضت؟ هل تعبت

البنات؟ لماذا رفعن المنديل عن سعيدة؟ لماذا جلسن

قليلا؟ أفرغن الصلوة؟ أتلعب جميع البنات في الليلة المقمرة؟

ترجمہ کرو

لڑکیاں چاندنی رات میں کھیلتی ہیں حبیبہ نے لڑکیوں کو کیوں جمع کیا؟ وہ قرعہ ڈالیں گی، اور ایک لڑکی کو چور بنائیں گی، شریفہ! کیا کبھی آنکھ مچولی کھیلتی ہے؟ کیا تو کھیل کے لئے رات میں جاگتی ہے؟ کون سی لڑکیاں پڑھنے کے لئے جاگتی ہیں؟ لڑکیو! کیا تم کام سے تھک گئیں (محنتی) لڑکی کبھی نہیں تھکتی۔ لڑکیو! تم کب سعیدہ کی آنکھ سے پٹی نکالو گی (رفع)، اور کھیل کب شروع کرو گی؟ کئی لڑکیاں کھیل کے لئے بیٹھی ہیں (قد جلس)، ہوم ورک کرلی ہیں اور نماز سے فارغ ہو گئی ہیں۔

قوسین دور کرو، اور ضمیروں کے لحاظ سے ماضی مضارع کے مناسب صیغے لکھو اور ترجمہ کرو:۔

(سکت)، أنتِ (رغب)، أنا (لعب)، نحن (جمع) هي (غضبا)، هنّ (رفع) أنا (لبس)، أنتنّ (عجن) هي (خبز)، أنتِ (كنس)، هم (ملأ) أنتم (حذر)، أنتِ (مشط)، أنا (مدح)، أنتَ (خسر)، هنّ (فتح)، أنتنّ (طبخ)، هي (سهر)۔

درس ۹

(ماضی ومضارع مؤنث مخلوط)

أُسْرَةٌ مِسْكِينَةٌ

تصویر (۱)

نهضت الأمّ وبناتها من النوم وبعد صلوة الفجر اخذن في العمل فالآن فواحدةٌ منهن تكنُس واُخرى تغسِل الصحاف والقدور والملاعق، والبنت الكبيرة تطبخ مع اُمّها وقد خرج والدهنّ الى السوق ويرجع عن قريبٍ باللحم والخضراوات.

تصویر (۲)

الامّ تفرح بناتها ، فإنهن يخذ منها كثيرا وما رغبن قطّ

فی طعام لذیذ ولا لباس فاخر، أعمامهنّ وأخوالهن يفرحون

بأعمالهنّ، وما غضبوا عليهنّ قطّ، هؤلاء البنات ما دخلن

فی مدرسةٍ لأنّ والدهنّ رجل مسكين لايقدر على أجرة

العربة ولا على اجرة المدرسة فهنّ يقرأن ويكتبن فی

بيتهنّ ويفعلن كما يأمرهنّ اكابرهنّ ويعلمن ان السعادة

والفوز فی طاعة الله ورسوله وفی العمل بنصائح الاكابر هذه

أسرة غنية راضيةٌ عن نصيبها وشاكرةٌ عليه ورجالُ الأسرة

يعملون بِمشقةٍ طول النّهارِ ويرقُدون فى اللّيل بأمنٍ و
سلامٍ لا يعرفون المكر والخِداع ولا يحسُدون أحُدا فلله
يشكرُون و بنِعمتِه لا يكفرون

أسئلة :- من يكنُس ؟ من يغسِل القدور ؟ من يطبخ ؟
من ذهب إلى السُّوق ؟ متى يرجع ؟ لماذا تفرح الأم بنا تها ؟
أو الدهنّ يغضب عليهنّ ؟ لماذا لا يذّهبن إلى المدرسة ؟
فى أىّ هنّ جيّدات ؟ أتحسدُ رجال الأسرة أحدا ؟
أيكفرون بنعمة الله ؟ أغسل الاوانى تقيصة ؟ أيأكلون
بالملاعق ام باليد ؟

ترجمہ کرو

اپنی آوازوں کو نبی کی آواز پر بلند مت کرو' اللہ کا
نام اس پر لو (ذکر) بری باتوں (فواحش) کے قریب مت ہو'
دیکھو آسمانوں اور زمین میں کیا ہے، معلمہ بورڈ پر چاک سے لکھ
رہی ہے اس کی میز پر حاضری کا رجسٹر ہے وہ (محنتی) ماں ہے

جھاڑو دیتی ہے، رکابیاں اور ہانڈیاں دھوتی ہے اس کا گھر صاف ستھرا ہے، وہ امور خانہ داری میں بہت اچھی ہے (نیک لڑکی) اپنی ماں کی خدمت کرتی ہے وہ اپنے خاندان کے لئے فخر ہے

کون سی لڑکیاں کھانے کے کمرہ میں گئیں۔ مکہ اور بالائی گھاگئیں!
اس ترکاری بیچنے والے پاس تمام ترکاریاں ہیں، باورچی خانہ میں خادمہ آٹا گوندھ رہی ہے۔ تھوڑی دیر میں روٹی پکائے گی
اے لڑکیو! کیا تم آج انڈوں کا سالن پکاؤ گی؟ یا ترکاریوں کا؟
ہم توجہ سے بڑوں کی نصیحت سنتے ہیں اور اِدھر اُدھر نہیں دیکھتے۔ اس قلم میں سیاہی بھرو۔ آج میں بہت تھک گیا، کیا تم بھی تھک گئے؟ ان لوگوں نے چور کو پکڑ لیا۔ اور اس کو خوب مارا۔ ہم نے دستی سے اس کی آنکھوں پر پٹی باندھی، وہ نہیں جانتا کون اس کے اطراف ہیں، لکھو اور پڑھو، کھاؤ اور پیو لیکن اللہ اس کے رسول کو نہ چھوڑو، دینداری پر نہ ہنسو آخرۃ کو یاد کرو، اور اس سے غفلت نہ کرو، اپنے نصیب پر قناعت کرو، دوسروں پر حسد نہ کرو، کیوں کہ حسد کرنے والے نقصان اٹھانے والے ہیں۔

درس ۱۰

البناتُ الطيّبات

(اسم مونث کی جمع جس کے آخر "ات" ہے)

البنات الطيّبات يحذون السّيآت ويعملن الصالحاتِ ويخدمن الأمّهاتِ ويصحبن العالمات وينصرن المسكِنات ولايخرجن من بيوتهنّ بدون إذن ولايفخرن بما لهنّ ولا بجمالهنّ ولا باسرتهنّ ولاينجعن وِرواجا مذموما ولايصحبن البنات الغنيات ولايحسدنهن فانهنّ قانعات بنصيبهنّ ولايحسبن اللباس الساذج نقيصةً فهنّ صابرات وشاكرات فى كل الاحوال فيهنّ حياء أبصارهن غضيضة ولايتركن الصلوة فى حال ويقرأن كتبا فى العربى والانكليزى ولايرغبن عن الألعاب الرياضية ويلبسن لباسا يستر اجسامهنّ فيمدحهنّ كلّ واحد فى البيت وفى المدرسة ولايحسبن العمل نقيصة وما هنّ كبنات يتّبعن الغنيات ولايصحبن الصالحات ولايحذرن السّيآت وهنّ قد قرأن كتبا كثيرة ولكن لايعرفن شيئا فى التربية المنزليّة ولايقدرن على صنع ادام أو خبز

أسئلة :- هل في البنات الطيّبات حياء؟ أيرغبن عن العمل؟ كيف أبصارهن؟ أيحسبن أعمال البيت نقيصة؟ من يصحب الصالحات؟ من يفعل الحسنات؟ هل تكنس البنات؟ أيخبزن؟ أترغب البنات الطيّبات عن الصلوٰة؟ أيعملن مع أمّهنّ اعمال البيت؟ هل تنفعهنّ التربية المنزليّة؟ أتلعب البنات في الليلة المقمرة؟ أتحسد احداً؟ أتتبع الجاهلين؟ أتصدّ لعالمات الجاهلات؟

ترجمہ کرو

اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اس نے ہم کو اچھی چیزیں (طیّبات) دیں شرم سے لڑکیوں کی نگاہیں نیچی ہیں، وہ کبھی برائیوں کے قریب نہیں ہوتیں۔ وہ ہمیشہ نیکیاں کرتی ہیں۔
اے (دولتمند) لڑکیو! کیا تم سمجھتی ہو کہ پکانا بے عزتی ہے؟ امور خانہ داری تمام لڑکیوں کے لئے ضروری ہے (اچھی) لڑکیاں اپنی ماؤں کی خدمت کرتی ہیں ضرورت کے وقت کسی کام سے منہ نہیں موڑتیں (رغب عن) اور اپنے نصیب پر قناعت کرتی ہیں اور ہر حال میں صبر کرتی ہیں اور اپنے رب کا شکر کرتی ہیں۔ اے لڑکیو! فیشن کے پیچھے نہ پڑو۔ اس میں فائدہ نہیں ہے بلکہ (بڑا) نقصان ہے۔

تمرين

رشيد ولدٌ مسكين غضيضَ البصرَ مودّبٌ يلبس لباسا ساذجا نظيفا يحسبه الآخرون غنيّا ويصحب اولادَ الأغنياء ولكن لايسأل والده لباسا جميلا وأحذيةً ثمينة كمثلهم ويقرأ وقت القراءة فى غرفته بعناية ويلعب وقت اللعب فلذا لايسهر الليلَ عند الامتحان ولايحسب اعمال البيت نقيصةً يذهب عند الضرورة إلى السوق لشراء الخضرات واللحم ويرحم المساكينَ وينصرهم ولا تخرُج كلمةً فاحشة من لسانه، هو واصدقاؤه يخرجون فى الليالى المُقمِرة للنزهة، ما غضب عليه اعمامه قطّ ولا أخواله وتفرح بأعماله أمّه وأخواته أيضا يفرحن بها فما غضبت عليه أمّه ولانساءُ أسرته غضبن قط ولا يرغب أبدا عن الصلوة وهو من أسرة مسكينة يأكلون من رزق الله ولذ يشكرون وبنعمته لايكفرون. فاجعلوا رشيد أيّها الأولاد! مثالا لأنفسكم وعليكم بادب الكبار فان ذلك دأب الخيار فلاتفخروا بالمال له زوال، ولاتحسبوا عمل البيت نقيصة واحذروا الفساد والكسل والزموا النشاط فى العمل ألا تعلمون أن الفوز للصّالحين المجتهدين

درس ۱۱

امر مؤنث

اُعْبُدْ : اُعْبُدِی اُعْبُدْنَ اِنْهَضْ: اِنْهَضِی اِنْهَضْنَ

اِحْمَدْ اِحْمَدِی اِحْمَدْنَ اُشْکُرْ اُشْکُرِی اُشْکُرْنَ کُلْ کُلِی کُلْنَ

الامّ تنصح بنتا صغیرة لها:-

حبیبة! اُنتِ بنتٌ طیّبة انهضی من النوم صباحا واعبُدی الله معی لانّه خلقكِ و رزقكِ من الطیّبات فکلی واشربی واشکری له واصحبی البناتِ الصّالحات فانّ صحبة الصّالحاتِ تجعلكِ صالحةً والبسی ثیابا نظیفةً

ساذجة وافعلي كما يأمرك اكابركِ واعلمي أن سعادة الاصاغر في طاعة الاكابر۔

وتنصح الامّ بنات كبيرات لها ايضا:۔

بناتي! احمدن اللهَ واشكرن له واعبدنه واصحبن بناتٍ طيبات واذهبن الى المدرسة في غربتها وادرسن علوما مختلفة نافعة وارغبن الى دراسة العربي فان العربي لسان القرآن والحديث بناتي! عليكنّ بالطباخة والتطريز والخياطة واحذرن السكسلَ عن التربية المنزليّة فانّ كثيرا من البنات يدرسن علوما كثيرةً ويفخرن بها ولكن لا يرغبن اليها فانها عندهنّ نقيصة۔ (واحد اور جمع (مونث) کے صیغے لکھو اور پڑھو۔)

اِسْمَعْ، اُنْصُرْ، اُخْرُجْ، اُسْكُتْ، اِغْسِلْ، اُكْنُسْ، اِخْبِزْ اِعْجِنْ، اِضْحَكْ، اِرْكَعْ، خُذْ، اِسْأَلْ (سَلْ)، اِجْمَعْ، اِغْضَبْ اِحْذَرْ، اِفْتَحْ، اِمْلَأْ، اِمْنَعْ، اِخْتِمْ، اِعْصِبْ۔

ترجمہ کرو

اے لڑکی ! (بری) عادتوں سے بچ، اپنی نگاہیں نیچی رکھ (جعل)، امور خانہ داری سیکھ (عرف)، تو اس سے کبھی بے توجہی نہ کر (رغب عن)، اے لڑکیو! بے حیائی (وفاحۃ) سے ڈرو (حذر)، (بری) لڑکیوں کے لئے دنیا اور آخرت میں برائی ہے۔ کیا لڑکیاں سمجھتی ہیں (حسب) کہ (میلے) یا (سادے) کپڑوں میں بے عزتی ہے؛ بیٹی! بالوں میں کنگھی کر (صاف ستھرے) کپڑے پہن، کتابیں لے اور گاڑی میں مدرسہ جا، خادمہ! جھاڑو دے، گھڑے میں پانی بھر، آٹا گوندھ اور جلد روٹی پکا۔ اے لڑکیو! بڑوں کی نصیحتوں پر عمل کرو، کھاؤ، پیو، اور اللہ کا شکر کرو، کیا تم کو نہیں معلوم کہ وہ تم کو ہر چیز بے حساب دیتا ہے؟ کسی پر نہ ہنسو، اپنے بڑوں کے سامنے ادب سے بیٹھو، ان کی نصیحت پر عمل کرو۔

درس ۱۲

نہی مؤنث

تَکْفُرُ۔ لا تکفُرِی لا تکفُرُن، لا تَلعَبِی لا تلعَبْن لا تجْعَلِی، لا تجعَلن لا تکسَلِی لا تکسَلن، لا تفخَرِی لا تفخَرن تلک الامّ تمنع عن بعض الاعمال بنتا صغیرۃ و بناتٍ کبیرات لہا ھکذا:-

یا بنتی! الہنا واحد فلا تجعلی مع اللّٰہ الٰہا آخر و اشکری لہ ولا تکفری بہ فانہ یرزقک رزقا حسنا ویحفظک من کلّ افہ ولا تصحبی البنات الخبیثات فان صحبتہن تجعلک خبیثۃً ولا تأخذی شیئًا بدون اِذن ولا تجعلی ثیابک وَسخۃً فان الناس یکرھونھا ولا تدخلی فی محادثۃ الناس و لا تضحکی ھند الاکابر ولا تلعبی وقت القراءۃ ولا تقرئی وقت اللعب۔ ایہا البنات الکبیرات! اِحمدن اللّٰہ واشکرن لہ فی کلّ حال و لا تکفرن بہ ولا تکسلن عن عبادتہ فانّہ یرزقکن بغیر حساب

ولاتحسبن انّ قدر المرءِ بمالٍ وافراوبلباسٍ فلخرولا
تصحبن بناتٍ غنّیات ما فیھنّ حیاءٌ ولادیانة ولاتنظرن
الی مالھنّ ولاالی لباسھنّ واقنعن بنصیبکنّ واصبرن
علیہ فانّ اللہ مع الصابرین ولاتخرجن بدون حجاب و
لاترغبن عن اعمال البیت والزمن طاعةَ اکابرکنّ
فَاحفظن بناتی ھذہ الکلماتِ ولاتغفلن عنھافانَّ
البناتِ الطیّبات یعملن بنصائحِ الامّھات.

نہی واحد وجمع (مونث) کے صیغے لکھو

تحذَر، تنکرّہ، تملاء، تکنُس، تترُک، تغسِل، تحسد
ترفَع، تتعَب، تقبِض، تعصِب، تخبِز

اوپر کے صیغوں سے امر ونہی کے صیغے بناؤ

(واحد و جمع مذکر و مونث)

ترجمہ کرو

اے لڑکی کسی پر حسد نہ کر، دین سے غفلت نہ کر، اور اس سے منہ نہ موڑ، کسی پر ظلم نہ کر، ہمیشہ (عمدہ) لباس مت پہن، کسی صورت میں نماز نہ چھوڑو وہ دین کا ستون ہے (عماد) کسی سے کوئی چیز مت مانگ، بغیر سبب کے مت ہنس کیونکہ ہنسی اچھی چیز نہیں ہے، اے (بڑی) لڑکیو چھوٹی بہنوں پر ظلم نہ کرو، اللہ کے ذکر سے غفلت نہ کرو، گھر سے بغیر پردہ کے نہ نکلو، مساکین پر غضب نہ کرو، گھر کے کام سے منہ نہ موڑو، (بری) لڑکیوں کے ساتھ نہ رہو سادہ لباس کو برا نہ سمجھو، اپنے مال یا جمال پر فخر نہ کرو، کسی صورت میں جھوٹ نہ بولو کیونکہ اللہ کی لعنت جھوٹوں پر ہے، نماز میں سستی نہ کرو کیونکہ نماز مسلمانوں کی علامت ہے، فیشن سے منہ موڑ لو اس کے پیچھے نہ پڑو اس میں بڑا نقصان ہے۔

الأنبجُ

الأنبج فاكهةٌ لذيذة وشجره كبيرٌ، ينبتُ فى الهند و
قشره ثخينٌ، فى داخله نواةٌ كبيرة، الانبجُ الفجّ لونه اخضرُ
وهو حامضٌ وحموصته لذيذة واليانع منه لونه اصفرُ وهو
حلو، اهلَ الدكن يصنعون من الأنبج الفجّ والبصل واللحم
والسمن إداما لذيذا ياكلونه برغبة، أنبج الدكن مشهورٌ
فى الهند، وله اقسامٌ كثيرة بعضها نقطعه بالسكين ثم ناكله
وهذا أخيرُ قسمٍ من الأنبج، ما فيه من زغب وبعضها نرشفه
برغبة شديدة،

وتارة تعصيرة في إناء ثم نمزجه بقليل من السكر واللبن والقشطة وهذا العصير لذيذ جداً۔

الأنبج يكثر في فصله ويحصل لكل غني وفقير فيا كاونه كثيراً لأنه رخيص، الأنبج يجعل الانسان قوياً فهذا نعمة الله عليكم ايها الناس! فكلوا من رزق ربكم واشكروا له فانه يرزقكم من الطيبات أفلا تشكرون؟ اعلموا ان الشكر سبب لزيادة النعمة

أسئلة: أين ينبت شجر الأنبج؟ أين يكثر؟ أقشره رقيق؟ ما في داخله؟ هل الأنبج الفج حلو؟ هل الأنبج اليانع حامض؟ بأي شئ تقطعون الأنبج؟ أتأكلون الأنبج كثيراً؟ أأكلت عصيرة؟ أنظرتم أشجاره أهي قصيرة؟ أتأكلون نواته؟ أهي قصيرة؟ أتأكلون نواته؟ أهي حلوة؟ لماذا نشكر الله؟

ترجمہ کرو۔ آم بھی ایک نعمت (کیجے) آم کا نام "کیری" ہے کیا تم نے کبھی اس کا سالن کھایا؟ اس کا سالن دکن والے شوق سے کھاتے ہیں؟ لڑکیو! پیاز کاٹو اور کیری کا

سالن پکاؤ، ہمارے بھائی خواہش مند (راغب) ہیں، آم کا رس بڑا مزیدار ہوتا ہے، اس میں دودھ، بالائی اور شکر ملاؤ اور کھاؤ، اور اللہ کا شکر کرو (دیکھیے) آم کھاؤ اور دودھ پیو، بہن! آم لے اور چھری سے کاٹ، لڑکو! آم لو اور چوسو، ہم سنتے ہیں کہ چوسنے کے آم مفید ہوتے ہیں آم تم کو قوی بنائیں گے۔ گٹھلی کے اندر (سفید) مغز ہے لیکن وہ مزیدار نہیں ہے، کیا ہر آم میں ریشہ ہے، چوسنے کے آم کاٹنے کے آم سے سستے ہیں۔

ان افعال کے امر و نہی (مذکر و مونث) کے صیغے لکھو:۔

تعمّل، تخدم، تحصر، تقطع، تصنع، تحذّر، تصحب، تمدّح، تطبخ، تعصب، ترفّع، تجمّع

ذیل میں جو ماضی ہو اس کا مضارع، اور جو مضارع ہو اس کی ماضی لکھو:۔

مدحتُ، يطبخن، تعصبين، رفعتم، جمعتُ، تصنع، أحذَرُ، تركنا، صحبوا، لبستِ، تعجنين، كسستُ، غسلن، تشهدُ، يكسلون، يعبُدن

درس ۱۴

(شروع میں "و" والے تین حرفی فعل)

وَجَبَ يَجِبُ، وَقَفَ يَقِفُ، وَصَلَ يَصِلُ، وَجَدَ يَجِدُ

وَصَفَ يَصِفُ، وَضَعَ يَضَعُ،

سعيد: متى نَصِلُ إلى المدرسة؟ يارشيدُ!

فريد: أَصِلُ دائمًا على وقتها

سعيد: أَتَقِفُ في الطريق؟ فريد: لا أَقِفُ أبدًا

سعيد: أين تَضَعُ كُتُبَكَ؟ فريد: أَضَعُها في الدُرج

سعيد: أَتَصِفُ لي كيف مدرستك؟ فريد: نعم،

أَصِفُها لك: مدرستي لها بناءٌ كبيرٌ وجميل، فيه غُرُفاتٌ

كثيرةٌ منها غُرفةٌ لناظر المدرسةِ وغرفةٌ لِلمكتبَة،

وغرفة لأدَواتِ الألعابِ الرياضيّة وغُرُفاتٌ أُخرى

فيها طبَقاتٌ مختلفةٌ وفيه قاعةٌ للخطابة يخطب فيها التلاميذ

وقاعة لِلصّلوةٌ أ لانعلم انّ الصّلوة من أُهمّ الاعمال و

لِلمدرسة ميدان كبير لِلعب والتلاميذ يلعبون ألعابا

مختلفة بعد المدرسة فانّ اللعب يجب على التلاميذ

سعيد: كيف تجد ناظر المدرسة؟

فريد: أَجده رجلا طيّبا، وهو شفيق علينا لايغضب

على أحدٍ بدُون سببٍ والأساتذة كذلك يفعلون وأنا

على ذلك من الشاهدين

أَسئلة:- متى تصلون إلى المدرسة؟ أتقفون فى

الطريق؟ اين تضعون كتبكم؟ أتضع كتبك فى المكتبة؟

أتصف لى مدرستك؟ هل فى المدرسة قاعة للصلوة؟

أين تلعبون ومتى؟ أضربك استاذك؟ أغضبت عليك

أمّك؟ أين يخطب التلاميذ؟ أخطبت تارة كيف تجد

غرفة الناظر؟ أيقف الاستاذ حين الدرس؟ ماذا تجد فى

الحديقة؟

ترجمہ کرو

